askari bank
LIMITED

# اطلاع برائے 24واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ عسکری بینک لمیٹڈ (بینک) کے شیئر ہولڈرز کا 24واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 30 مارچ 2016 بروز بدھ بوقت صبح 10:00 بجے بمقام پرل کانٹیننٹل ہوٹل راولپنڈی میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**عمومی کاروائی:**

1۔ 31 مارچ 2015 کو منعقد ہونے والے 23ویں اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 31 دسمبر 2015 کو ختم ہوئے سال کی مالی تفصیلات کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، اُن پر غور وخوض اور منظوری دینا۔

3۔ 31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے سال کے لئے بینک کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کی اجرت کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز، میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہوتے ہوئے اپنے آپ کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔

4۔ ڈائریکٹرز کی سفارش پر مالی سال 2015 کیلئے %12.50 یعنی 1 روپیہ 25 پیسے فی شیئر حتمی نقد منافع کی ادائیگی کی منظوری دینا جو پہلے سے اداشدہ 10 فیصد عبوری منافع کے علاوہ ہے۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کی جانے والی کسی بھی دیگر کاروائی کو زیرِغور لانا۔

حسب الحکم بورڈ

راولپنڈی — عمر شہزاد

یکم مارچ 2016 — کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

1۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر کی کتابیں 22 مارچ 2016 سے 30 مارچ 2016 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر آفس، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سیکنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی۔ 75530 میں 21 مارچ 2016 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو بروقت سمجھا جائے گا۔

2۔ اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا حقدار کوئی بھی ممبر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔ کوئی بھی شخص بطور نمائندہ کام نہیں کرسکتا جو بینک کا ممبر نہ ہو سوائے حکومت پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا کاروباری ادارہ کی طرف سے ایسے شخص کو نمائندہ مقرر کیا جاسکتا ہے جو کہ ممبر نہ ہو۔

3۔ نمائندے کا تقررنامہ ممبر سے یا اس کے باضابطہ تحریری اجازت کے حامل اٹارنی سے دستخط شدہ ہونا چاہیے۔ اگر کوئی ممبر (حکومت پاکستان یا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے علاوہ) کاروباری ادارہ ہوتو اس کے تقررنامے پر عام مہر ثبت ہونی چاہیے۔

4۔ نمائندے کا تقررنامہ بمعہ مختارنامہ یا بورڈ کی قرارداد (اگر کوئی ہو) دستخط شدہ یا اُس کی باقاعدہ تصدیق شدہ نقل اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی سیکریٹری، عسکری بینک لمیٹڈ بمقام فرسٹ (1st) فلور، AWT پلازہ، دی مال، پی او بکس نمبر 1084، راولپنڈی کے پاس جمع کرادیا جائے۔

5۔ اگر کوئی ممبر ایک سے زیادہ نمائندے مقرر کرے گا یا ممبر کی جانب سے ایک سے زائد تقررنامے جمع کرائے گئے تو ایسے تمام تقررنامے غیر موثر تصور کیے جائیں گے۔ نمائندگی فارم دو افراد کی گواہی کے ساتھ جن کے نام، پتہ جات اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہوں کے ساتھ جمع کروائے جائیں۔

6۔ استفادہ کرنے والے مالکان اور نمائندے کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقول، نمائندگی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔ نمائندے کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

7۔ انفرادی شیئر ہولڈر کی صورت میں اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ جبکہ سی ڈی سی کے کھاتے دار یا ضمنی کھاتے دار یا ایسے افراد جن کے شیئرز گروپ کھاتے میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیل متعلقہ قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوچکی ہوں ایسے افراد کی تصدیق اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے شریک کار آئی ڈی نمبر اور ان کے کھاتہ نمبر سے ہوگی۔ حکومت پاکستان یا اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا مختارنامہ، نمونے کے دستخط کے ساتھ نمائندگی فارم کے ہمراہ بینک میں جمع کرانے ہونگے۔

8۔ حکومت پاکستان کی فنانس ایکٹ 2015 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق نمبر 150 میں ترامیم کے مطابق کمپنیوں/بینکوں کی جانب سے ادا کیے جانے والے منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس کے ریٹس بڑھادیئے گئے ہیں یہ ریٹس مندرجہ ذیل ہیں۔

الف) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کیلئے — 12.50 فیصد

ب) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کیلئے — 17.50 فیصد

ایسے تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام گوشوارے جمع کرانے کے باوجود ایف بی آر کی ویب سائٹ پر مہیا کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ نقد منافع کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اپنے ناموں کا (ATL) میں اندرج یقینی بنالیں تاکہ بینک نقد منافع پر 17.50 فیصد کی بجائے 12.50 فیصد کے حساب سے کٹوتی کرسکے ورنہ اِن کے نقد منافع (جب کبھی بھی اعلان کیا گیا) پر 12.50 فیصد کی بجائے 17.50 فیصد کے حساب سے کٹوتی کی جائے گی۔

اس کے علاوہ شیئرز کے مشترکہ مالکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مقدم شیئر ہولڈرز اور مشترکہ شیئر ہولڈرز کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل تفصیلات کے ساتھ مہیا کردیں۔

| مقدم/مشترکہ شیئر ہولڈر کا نام | شیئرز کا تناسب % | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کا نمبر (کاپی منسلک کریں) | دستخط |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |

مطلوبہ تفصیل ہمارے شیئر رجسٹرار کو 21 مارچ 2016 تک ضرور پہنچ جانی چاہئیں بصورت دیگر مقدم اور مشترکہ شیئر ہولڈرز کا حصہ برابر تصور کرلیا جائے گا۔

شیئر ہولڈرز کیلئے خصوصی نوٹس

9- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرانا (لازمی):

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ایس آر او 2011/(I)779 بتاریخ 18 اگست 2011، ایس آر او 2012/(I)831 بتاریخ 5 جولائی 2012 اور ایس آر او 2014/(I)19 بتاریخ 10 جنوری 2014 کے ذریعے کم عمر اور کارپوریٹ ممبران کے علاوہ رجسٹرڈ ممبران یا اُن کے مجاز نمائندوں کے قومی شناختی کارڈ نمبر کی ڈیویڈنڈ وارنٹ پر موجودگی لازمی قرار دی ہے لہٰذا انفرادی ممبران یا اُن کے مجاز نمائندگان سے درخواست کی جاتی ہے جنہوں نے تاحال اپنے موثر قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کرائی ہے، کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچنے کیلئے فوری طور پر اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرادیں۔ کاروباری اداروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے قومی ٹیکس نمبر یا قومی ٹیکس سرٹیفکیٹ شیئر رجسٹرار یا سی ڈی سی شراکت دار کو فراہم کردیں۔ ممبران موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا قومی ٹیکس سرٹیفکیٹ کی کاپیاں فراہم کرتے ہوئے اس پر اپنا فولیو نمبر یا/اور کمپنی کا نام ضرور درج کریں۔

10- منافع کا اختیار (اختیاری):

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے منافع کی ادائیگی کے عمل کو موثر بنانے کیلئے اپنے سرکلر نمبر SM/CDC 2008 (4)8 بتاریخ 5 اپریل 2013 کے ذریعے ہدایات جاری کی ہیں تاکہ شیئر ہولڈرز بلاتاخیر اپنے منافع کی رقم اپنے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں آن لائن حاصل کرسکیں۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز مستقبل میں بینک کے منافع کی براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹس میں منتقلی کیلئے بینک کو بااختیار کرسکتے ہیں۔ اسی لیے تمام شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سی ڈی سی میں نہیں ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات بینک کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں، ایسے شیئر ہولڈرز جو سی ڈی سی میں شیئرز رکھتے ہیں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ سٹاک بروکر/سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) کو یہ اختیار منتقل کریں۔

منافع کی ادائیگی کیلئے بینک کو اختیار دینا اختیاری ہے اور اگر شیئر ہولڈرز یہ سہولت نہیں لینا چاہتے تو منافع کے وارنٹ کی ادائیگی دیئے گئے پتہ پر کردی جائے گی۔

11- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور اطلاعات کی بذریعہ ای میل ترسیل (اختیاری):

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2014/(I)787 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے مطابق ممبران کو ای میل کے ذریعے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاعات کی ترسیل کی جاسکتی ہے ایسے ممبران جو آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور سالانہ اجلاسوں کی اطلاع بذریعہ ای میل حاصل کرنے کے خواہش مند ہوں اُن کیلئے بینک کی ویب سائٹ (www.akbl.com.pk) پر ایک معیاری درخواست فارم مہیا کردیا گیا ہے جس کے ذریعے وہ اپنا ای میل پتہ اور رضامندی شیئر رجسٹرار کو فراہم کرسکتے ہیں۔ چونکہ یہ سہولت اختیاری ہے، لہٰذا جو شیئر ہولڈرز اس سہولت کو حاصل نہیں کرنا چاہتے تو برائے مہربانی اس کو نظرانداز کردیں۔ اس صورت میں اطلاع اور سالانہ مالیاتی گوشوارے عام طریقہ کار کے مطابق شیئر ہولڈرز کو اِن کے درج شدہ پتہ پر ارسال کردیئے جائیں گے۔

12- وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی:

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 10 بتاریخ 21 مئی 2014 کے تحت بینک کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ لاہور اور کراچی میں وڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں اس سلسلے میں شیئر ہولڈرز نیچے دیا گیا فارم پُر کرکے اجلاس عام سے 10 روز قبل بینک کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کریں۔

اگر بینک کو سالانہ اجلاس عام سے 10 روز قبل اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کرنے کیلئے ایک ہی علاقے سے 10 فیصد سے زائد ممبران کی درخواستیں موصول ہوگئیں تو پھر بینک متعلقہ شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گا تاہم وڈیو کانفرنس متعلقہ شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔

بینک اجلاس عام کی تاریخ سے 5 روز قبل ممبران کو وڈیو کانفرنس کے مقام تک رسائی کے ساتھ تمام ضروری معلومات سے آگاہ کردے گا۔

میں/ہم ____________ بطور ممبر عسکری بینک لمیٹڈ، حامل ____________ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر/ CDC ضمنی کھاتہ نمبر ____________ مقام ____________ پر وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

____________

دستخط ممبر

13- تبدیلی ایڈریس:

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر اُن کے پتہ میں کوئی تبدیلی ہے تو فوراً بینک کے شیئرز رجسٹرار کو مطلع کردیں۔

askus

45cm x 4col